## سوال

خطبہ نکاح کے بعد اجتماعی دعا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

انعقاد نکاح کے اختتام پر ہاتھ اٹھا کر اجتماعی سعا کی حیثیت دعا کی شرعی حیثیت کیا ہے ؟ نیز اس موقع پر مسنون دعا کون سی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انعقاد نکاح کے اختتام پر مروجہ دعا کی کوئی دلیل مجھے معلوم نہیں ہے ۔ سیدنا عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے جب نکاح کیا تو معلوم ہونے پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا« بارک اللہ لک الخ» ( صحیح البخاری :5155 والفظ لہ صحیح مسلم :1427/79 وترقیم دارالسلام :3490)

اسی مفھوم کی دعائیں بھی ہیں مثلا : « بارک اللہ لک وبارک علیک وجمع بینکما فی خیر» ( سنن ابی داود :2130، والفظ لہ ۔ الترمذی :1091 وقال : حدیث حسن صحیح ، وابن ماجہ :1905 وصححہ ابن حبان والحاکم ووافقہ الذہبی ۔ )

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

# ج1ص469

محدث فتویٰ